نشانِ حیدر | تالیف محمد حنیف شاہد صاحب۔ شائع کردہ: ٹیکنیکل پبلشرز، اردو بازار لاہور۔ قیمت آٹھ روپے صفحات ۲۵۲۔

زیرِ تبصرہ کتاب میں پاکستانی فوج کے اُن سات جیالوں کی زندگیوں کے حالات قلمبند کیے گئے ہیں جنہیں دفاعِ وطن کے لیے غیر معمولی جرأت اور بہادری کے کارنامے سرانجام دینے کی وجہ سے سب سے بڑا فوجی اعزاز نشانِ حیدر عطا کیا گیا۔ ان خوش نصیب جیالوں کے نام یہ ہیں: کیپٹن راجہ محمد سرور، میجر چودھری طفیل محمد، میجر راجہ عزیز بھٹی، پائیلٹ آفیسر راشد منہاس، میجر محمد اکرم، میجر شبیر شریف۔ سوار محمد حسین۔

فاضل مصنّف نے بڑی محنت اور عرق ریزی کے ساتھ اس کتاب کے لیے مواد جمع کیا ہے اور اسے بڑے سلیقے کے ساتھ ترتیب دے کر جرأت، استقامت اور ایثار کے واقعات کا ایک نہایت اچھا مرقع تیار کیا ہے۔

اس کتاب کے مطالعہ کے بعد جو چیز تبصرہ نگار کے لیے خاص طور پر موجبِ اطمینان ہے وہ ان جیالوں کی اسلام سے وابستگی ہے۔ خصوصاً کیپٹن راجہ محمد سرور جسے عام طور پر اُس کے عزیز و اقارب سنی سرور کے نام سے یاد کرتے تھے، وہ تو اسلام کے دلسوز فدائی نظر آتے ہیں۔

شروع میں چیف آف دی سٹاف جنرل ٹکا خان کا ایمان افروز پیغام بھی درج ہے۔ کتاب میں بعض مقامات پر زبان اور طباعت کی اغلاط موجود ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ فاضل مصنّف دوسرے ایڈیشن میں ان کی تصحیح کا التزام کر دیں گے۔

معیارِ طباعت و کتابت گوارا ہے۔

صحیح مُسلم | انگریزی ترجمہ و تشریح: عبدالحمید صدیقی۔ ناشر: شیخ محمد اشرف، کشمیری بازار۔ لاہور۔

زیرِ تبصرہ کتاب، جس پر تفصیلی تبصرہ پہلے ترجمان القرآن میں شائع ہو چکا ہے، کا پانچواں پارہ چھپ کر بازار میں آگیا ہے۔ یہ پارہ کتاب الصلوٰۃ کے پہلے حصے پر مشتمل ہے۔ ناشر نے پانچوں پاروں کی ایک الگ جلد بھی تیار کر دی ہے۔ ایک پارے کی قیمت آٹھ روپے اور پانچوں پاروں کی ایک جلد کی قیمت ۴۵ روپے ہے۔